نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے چنے کی کاشت سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور:**16**اکتوبر**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار چنے کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے بروقت کاشت یقینی بنائیں۔ چنے کی کاشت کیلئے گجرات، نارووال، جہلم اور اوپلنڈی میں موزوں وقت 10 اکتوبر تا 10 نومبر ہے۔تھل کے علاقوں (بھکر، خوشاب، میانوالی، لیہ اور جھنگ) کے بارانی علاقوں کیلئے ماہ اکتوبر جبکہ آبپاش علاقوں میں 20 اکتوبر تا 15 نومبر موزوں وقت ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ فیصل آباد، ساہیوال، ملتان، بہاولپور، بہاولنگر اور وسطی جنوبی پنجاب کے دیگر اضلاع کیلئے موزوں وقت کاشت آخر اکتوبر تا 15 نومبر ہے۔زیادہ زرخیز اور ستمبر کاشتہ کماد میں چنے کا موزوں وقت کاشت 20 اکتوبر تا 10 نومبر ہے۔کاشتکار چنے کی عام جسامت والی اقسام کیلئے شرح بیج 30 کلوگرام فی ایکڑ اور موٹی جسامت والی اقسام کیلئے 35 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔

☆☆☆☆